**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**
**Media and Corporate Communications Department**

**PRESS RELEASE**

*For immediate release*

July 15, 2017

پہلی بار کسانوں کو فصل کے عوض قرضہ کی فراہمی شروع

لاہور (اسلام آباد جولائی 15 )     ملک میں جنس کی منڈی کے فروغ کے لئے سکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی کاوشوں کی نتیجے میں ملک میں پہلی بار ایک نجی بینک کی جانب سے کسانوں کو ویئر ہاوس میں محفوظ رکھی گئی فصل کے عوض قرض کی فراہمی شروع کر دی گئی ہے۔

اس سلسلے میں پاکستان ایگر یکلچرل کولیشن کے تعاون سے حبیب بینک آف پاکستان (ایچ بی ایل) کی جانب سے ضلع شیخوپورہ میں مرید کے کے دو کسانوں کو اجیلٹی پاکستان کے گوداموں میں رکھی گئی ایک سو پچاسی ٹن گندم کے عوض سینتیس لاکھ روپے قرض فراہم کیا گیا۔ ایس جی ایس پاکستان نے گودام میں رکھی گئی اس گندم کے لئے معیاری سرٹیفیکیٹ جاری کیا جبکہ جنس پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج میں حبیب بینک کے نام پر مال ضمانت کے طور پر رکھے ہیں جبکہ ایم ایم فلور ملز کے چیئر مین محمود مولوی نے گندم کے اس سٹاک کو خریدنے کی ہامی بھری ہے۔

پاکستان ایگری کلچرل کولیشن کے چیف ایگزیکٹو عارف ندیم کا کہنا ہے کہ کسانوں کی محفوظ گوداموں میں محفوظ اجناس کی رسیدوں کے عوض قرض کی فراہمی ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ اس بزنس ماڈل کی ابتدا سے کسانوں کو حاصل مالی وسائل تک رسائی میں اضافہ ہو گا اور کسانوں کو براہ راست مارکیٹ تک رسائی بھی ممکن ہو گی اور کسان اپنی اجناس کو اچھی قیمت تک محفوظ رکھ سکیں گے اور اجناس کی قیمتوں کو استحکام  ملے گا۔

جاری کرنے کے نتیجے میں ممکن ہوا۔ 2017 ندیم نے کہا کہ پاکستان میں اس نئے دور کا آغاز ایس ای سی پی کی جانب سے کولیٹرل مینجمنٹ ریگولیشن انہوں نے ملک کیں جنس کی منڈی کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کی کوششوں کو سراہا اور اس سلسلے میں بھوپور تعاون کرنے پر ایس ای سی پی کے چیئر مین اور سکیور ٹیز مارکیٹ کے کمشنر کی کوششوں کو سراہا۔